# المواهب اللدنية

شہاب الدین ابو العباس احمد بن محمد بن
ابی بکر الخطیب القسطلانی

سائز : ۲۹½ × ۱۸ اور ۲۰ × ۹ سطور : ۱۷
اوراق : ۲۵۵ خط : نسخ
تاریخ تالیف : ۸۹۹ھ ۹۴-۱۴۹۳ء
تاریخ کتابت : ۲۸ جمادی الاول ۱۱۶۹ھ / ۲۹ فروری ۱۷۵۶ء
مقام کتابت : احمد آباد۔
کاتب : صفحہ ایک سے ۶۲ تک کے حواشی کے کاتب محمد رضا ہیں اور صفحہ ۶۳ سے آخر تک کے حواشی کے کاتب ضیاء الدین بن ابی القاسم ابن شیخ محمد ہیں جو اول الذکر کے بھتیجے اور شاگرد ہیں۔
مالک : خاندان ولی اللہ
موضوع : سیرت زبان : عربی
آغاز : ـــ ـــ ـــ الفصل الثانی من المقصد الرابع من کتاب مواهب للدنية فيما خصه الله تعالی به من المعجزات۔

اختتام : لان آباءه الذین ماتو علی الشرک کانوا یومنون
باللہ ویحجون مع شرکھم انتھی واللہ تعالیٰ اعلم۔

نوٹ : کاتب محمد ضیاء الدین بن ابی القاسم بن شیخ محمد
اس نسخہ کی کتابت کے بارے میں لکھتے ہیں کہ شہر پناہ کے باہر
ہیبت پورہ میں واقع مسجد میں مولانا محمد رضا بن غلام محمد بن احمد
بن سلیمان الاحمد آبادی ایام مولد شریف کے موقعہ پر اس
کتاب کو پڑھا کرتے تھے، ان کے پاس جو نسخہ تھا وہ متوسط
بھی تھا اور محشی بھی۔ سنہ ۱۱۵۹ھ میں اس کی قرأت فصل ثانی
مقصد رابع تک پہنچی تھی کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے دل میں
یہ بات ڈالی کہ اس کتاب کو اچھے خط میں لکھا جانا چاہئے۔
چنانچہ آپ کی منشاء کے مطابق میرے استاد شیخ محمد حسین
نے اس کی کتابت شروع کی کہ ۲۶ جمادی الآخر سنہ ۱۱۶۰ھ
میں داعی اجل کو لبیک کہا۔ لہٰذا میں نے اس کی کتابت
شروع کی سنہ ۱۱۶۵ھ میں مقصد سادس تک کتابت
مکمل ہوئی جہاں فہرست ختم ہوئی وہاں ۲۸ جمادی الاول
سنہ ۱۱۶۹ھ لکھا ہے۔ یہ نسخہ ناقص ہے۔